ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ

دفتر نمبر 406، پارسا ٹاور، پلاٹ نمبر 31/1/A، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی 75400
فون: 34520132-134 (21-92) فیکس: 34392182 (21-92)

اطلاع برائے ۳۸واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کے ممبران کا ۳۸ واں سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۰ء کو صبح ۱۰:۰۰ بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔ COVID-19 (کورونا وائرس) کی موجودہ وبائی صورتحال کے پیشِ نظر اجلاس میں شرکت کا استحقاق رکھنے والے شیئر ہولڈرز بذریعہ وڈیو کانفرنس کی سہولت، شرکت کریں گے جس کا انتظام کمپنی نوٹس کے حصے میں درج ہدایات کے مطابق کرے گی:

عمومی کارروائی

۱۔ ۳۰ جون ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی غور وخوض اور منظوری۔

۲۔ کمپنی کے عمومی شیئرز پر نقد منافع منقسمہ (۲۰۱۹ء-۲۰۲۰ء) کی منظوری دینا۔ ڈائریکٹرز نے ۱۰۰ فیصد یعنی ۵ روپے فی شیئر کے حتمی نقد منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے۔

۳۔ برائے سال ۲۰۲۰ء-۲۰۲۱ء آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ای وائی فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کرتے ہیں۔

حسب الحکم بورڈ
ثاقب نعیم
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۹ ستمبر ۲۰۲۰ء

نوٹ:

i سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائیوں میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کی سہولت

COVID-19 (کورونا وائرس) کی موجودہ وبائی صورتحال کے پیشِ نظر سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائیوں میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کی جائے گی۔ اجلاس میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کو **agm2020@dynea.com.pk** پر فراہم کر کے اپنی شرکت اور پراکسی کی توثیق کو اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل یقینی بنائیں۔

نمبر شمار	شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

وڈیو کانفرنس لنک کی تفصیلات اور لاگ اِن کے بارے میں معلومات ان شیئر ہولڈرز کو فراہم کر دی جائیں گی جن کے ای میلز تمام کوائف کے ہمراہ اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز کیلئے اپنے تبصرے اور استفسارات بھی **agm2020@dynea.com.pk** پر اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل ارسال کر سکتے ہیں۔

ii شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۱۴ اکتوبر ۲۰۲۰ء تا ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۰ء (بشمول دونوں ایام) سالانہ اجلاسِ عام اور حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کے مقاصد کے لئے بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔ فون: 34380101-5 (21-92)، 34384621-3 (ایکسٹینشن 103)، فیکس: 34380106 (21-92) پر ۱۳ اکتوبر ۲۰۲۰ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ٹرانسفر حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے ٹرانسفریز کے تعین کے مقصد کے لئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

iii پراکسی

اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر اجلاس میں اپنی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی کا تقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز لازماً اجلاس کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرا دی جائے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل فراہم کر دی جائے۔ پراکسی فارم اردو اور انگریزی زبان میں سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور اسے دو افراد کی گواہی کے ساتھ ارسال کیا جائے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج ہونے چاہئیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ **(www.dynea.com.pk)** پر بھی دستیاب ہے۔

iv پتے کی تبدیلی

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں تبدیلی، اگر کوئی ہو، سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔

v ابھی تک فراہم نہ کئے جانے والے کارآمد سی این آئی سی کی نقول کا جمع کرانا

انفرادی شیئر ہولڈرز سے ایک مرتبہ پھر درخواست ہے کہ اگر انہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد سی این آئی سی کی نقول کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کرائیں تو فوری جمع کرا دیں، شیئر ہولڈرز کی کارآمد کاپی کی کمپنی کے ریکارڈ میں عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی سیکشن ۲۴۳ بابت کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی شقوں کے تحت منافع منقسمہ روک لے گی۔

vi منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

موجودہ طور پر کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کے سیکشن ۱۵۰ کے تحت کی جا رہی ہے جو درج ذیل کے مطابق ہے:

اے۔	ایکٹو ٹیکس پیئرلسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود افراد کے لئے:	۱۵ فیصد
بی۔	ایکٹو ٹیکس پیئرلسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہ ہونے والے افراد کے لئے:	۳۰ فیصد

وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے گوشوارے داخل کر چکے ہوں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ناموں کی ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ تازہ ترین ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) پر موجودگی کو منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت یقینی بنائیں بصورتِ دیگر انہیں اے ٹی ایل پر موجود نہ ہونے والا فرد تصور کیا جائے گا اور ان کے نقد منافع منقسمہ پر ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کٹوتی کی جائے گی۔

vii جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

کمپنی کو ریگولیٹرز کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کا تعین (جہاں پرنسپل شیئر ہولڈر کی جانب سے شیئر ہولڈنگ کا تعین نہ کیا گیا ہو) برائے کمپنی کے منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے سلسلے میں شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پاس موجود شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی تفصیل بطور پرنسپل شیئر ہولڈر زان کے مشترکہ شیئر ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں تاکہ کمپنی اس کے مطابق ہر ایک شیئر ہولڈر کے ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین کر سکے۔ مطلوبہ معلومات لازماً کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ۱۲ اکتوبر ۲۰۲۰ء تک موصول ہو جائیں بصورتِ دیگر ہر ایک شیئر ہولڈر کو شیئر کے مساوی تعداد کا حامل تصور کیا جائے گا اور اس کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

viii نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونیکلی ادائیگی (ای۔مینڈیٹ)

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ کی شقوں اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) ریگولیشنز، ۲۰۱۷ کے مطابق یہ لازم ہے کہ نقد کی صورت میں قابل ادائی منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہِ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈر کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرایا جائے۔ اس سلسلے میں ضوابط کے تحت اخبارات میں نوٹسز پہلے ہی شائع کرائے جا چکے ہیں۔ تمام شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات جس میں (i) اکاؤنٹ کا ٹائٹل (ii) آئی بی اے این (iii) بینک کا نام (iv) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ شامل ہو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو پارٹیسپینٹس/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کے پاس شیئرز کے حامل ہوں، ان کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اپنا مینڈیٹ متعلقہ بروکر/سی ڈی سی کو فراہم کر دیں۔

''الیکٹرونک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم'' انگریزی اور اُردو زبان میں کمپنی کی ویب سائٹ **(www.dynea.com.pk)** پر بھی دستیاب ہے۔

ix سالانہ رپورٹ کی بذریعہ ای میل تقسیم (اختیاری)

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ (۶) کی شق کے مطابق کمپنیز کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے سالانہ مالیاتی حسابات بشمول آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ (سالانہ رپورٹ) اور سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع (نوٹس) اپنے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل ارسال کر سکتے ہیں۔ کمپنی کے ایسے شیئر ہولڈرز جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے کہ وہ (کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب) الیکٹرونک کمیونیکیشن کنسینٹ فارم کو پُر کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔

۳۰ جون ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ **(www.dynea.com.pk)** پر گزشتہ سالوں کے لئے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی حسابات کے ساتھ دستیاب ہیں۔

x سالانہ رپورٹ کی بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی منتقلی/ ترسیل

کمپنی نے سالانہ مالیاتی حسابات/ سالانہ رپورٹ ۲۰۲۰ء اپنے ممبران کو بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کر دی ہے۔ ان کی پرنٹ کردہ نقل بھی ممبران کو ان کی درخواست پر فراہم کی جا سکتی ہے۔ ۳۰ جون ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ **(www.dynea.com.pk)** پر دستیاب ہیں۔

اسٹینڈرڈ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ **(www.dynea.com.pk)** پر دستیاب ہے۔ اگر کوئی ممبر آئندہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور اے جی ایم کے نوٹس کی ہارڈ کاپیاں وصول کرنے کا خواہشمند ہو تو ممبر اس بارے میں اسٹینڈرڈ درخواست فارم کے ذریعے کمپنی کو آگاہ کر دے۔